فوری ریلیز کے لیے: 15/2/2023 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا ہے***

***گورنر نے نیویارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف بچاؤ اور اس کے علاج کے ذرائع کا استعمال جاری رکھنے کے لیے ترغیب دی ہے: ویکسینز، بوسٹرز، ٹیسٹنگ اور علاج***

***14 فروری کو ریاست بھر میں 19 اموات کی اطلاع***

گورنر Kathy Hochul نے آج نیو یارک کے باشندوں کو COVID-19 کے خلاف جنگ میں ریاستی پیش رفت کے بارے میں اپ ڈیٹ کیا اور ان بنیادی اقدامات کی نشاندہی کی جو وہ سردیوں کے موسم میں زیادہ عام ہونے والے سانس کے وائرل انفیکشنز کے پھیلاؤ سے بچانے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔

"میں نیو یارک کے تمام باشندوں کو تاکید کرتی ہوں کہ وہ خود کو، اپنے عزیزوں کو اور اپنی کمیونٹیز کو محفوظ اور صحت مند رکھنے کے لیے مستعد رہیں اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا جاری رکھیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ویکسین کی خوراکوں کے بارے میں باخبر رہنے کو یقینی بنائیں، اور اجتماعات میں شامل ہونے یا سفر کرنے سے پہلے ٹیسٹ کروائیں۔ اگر آپ کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے، تو اپنے ڈاکٹر سے ممکنہ علاج کے اختیارات کے بارے میں بات کریں۔"

گورنر Hochul نیویارک کے شہریوں کی یاد دہانی کر وا رہی ہیں کہ انہیں بچاؤ اور پرہیز کے عمومی اقدامات کرنے چاہئیں – مثلاً تازہ ترین ویکسین لگوانا اور حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنا – تاکہ وہ فلو اور COVID-19 سے بچ سکیں اور مقامی اسپتالوں پر مریضوں کا بوجھ کم ہو سکے۔ گورنر نے نیو یارک کے باشندوں کو موسمِ سرما میں صحت کے حوالے سے ریاستی تیاری کی کوششوں کے متعلق اپ ڈیٹس فراہم کرتے وقت ان بنیادی اقدامات کا اعادہ کیا۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت کے 4 فروری کو اختتام پذیر ہونے والے ہفتے کی فلو کی نگرانی کی ہفتہ وار رپورٹ ظاہر کرتی ہے کہ انفلوئینزا یا موسمی نزلہ زکام ریاست بھر میں لگاتار اٹھارہ ہفتوں سے پھیلا ہوا ہے، جبکہ آج کی تاریخ تک تمام 57 کاؤنٹیز میں کُل 310,653 مثبت کیسز رپورٹ کیے گئے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ریاست بھر میں تصدیق شدہ کیسز کی تعداد ایک ہفتے کے دوران 19 فیصد کم ہوکر 2,374 رہ گئی، جبکہ پوری ریاست میں ہسپتالوں میں داخل ہونے والے افراد کی تعداد 196 رہی جو گزشتہ ہفتے کے مقابلے میں 48 فیصد کم ہے۔

علاوہ ازیں، رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ انتہائی نگہداشت اور طویل مدتی نگہداشت فراہم کرنے والی سہولت گاہوں میں 6 کیسز سامنے آئے۔ اس ہفتے کے دوران انفلوئنزا کی وجہ سے کسی بھی بچے کی موت کی اطلاع نہیں ملی، یعنی پوری ریاست میں مجموعہ نو ہی رہا۔

فلو کا موسم جاری رہنے کے پیشِ نظر، گورنر Hochul نے نیو یارک کے تمام باشندوں کو یاد دہانی کروائی ہے کہ وہ ابھی بھی اپنی سالانہ فلُو ویکسین لگوا لیں۔ فلُو کا وائرس اور وہ وائرس جو COVID-19 کا سبب بنتا ہے، دونوں ہی گردش کر رہے ہیں، لہٰذا دونوں کے خلاف ویکسین لگوانا صحت مند رہنے کے ساتھ نگہداشتِ صحت کے نظام پر اضافی دباؤ کو کم کرنے کا بھی بہترین طریقہ ہے۔

محکمۂ صحت اپنی سالانہ عوامی آگاہی مہم جاری رکھے ہوئے ہے، جو بالغ افراد اور والدین کو یہ یاددہانی کرواتی ہے کہ وہ خود اور 6 ماہ اور اس سے زائد عمر کے بچوں کو فلُو اور COVID-19 دونوں کے ٹیکے لگوائیں۔ فلُو ویکسین کلینکس کے بارے میں معلومات کے لیے، مقامی محکمۂ صحت سے رابطہ کریں یا ملاحظہ کریں vaccines.gov/find-vaccines/۔

گورنر Hochul نیو یارک کے باشندوں کو اپنے بائی ویلنٹ COVID-19 ویکسین بوسٹرز لگوانے کی بھی مسلسل تاکید کرتی ہیں۔ دسمبر میں، ریاست نیو یارک کے محکمۂ صحت نے بائی ویلنٹ COVID-19 بوسٹر خوراکوں کے لیے نئی رہنمائی کا اعلان کیا، جو اب 6 ماہ سے کم عمر کے اہل بچوں کے لیے دستیاب ہیں۔

اپ ڈیٹ کردہ بوسٹرز پہلے بوسٹرز ہیں جن کا ہدف اصل وائرس کی سٹرین اور حالیہ گردش کرنے والے ویریئنٹس ہیں، اور انہیں نیو یارک کے نوجوانوں اور تمام اہل افراد کے لیے تجویز کیا جاتا ہے۔ بوسٹر کے لیے اپائنٹمنٹ شیڈول کرنے کے لیے نیویارک کے باسیوں کو چاہیے کہ وہ اپنی مقامی فارمیسی، کاؤنٹی کے محکمۂ صحت، یا نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں؛ vaccines.gov پر جائیں؛ اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کریں یا 1-800-232-0233 پر کال کرکے قریبی مقامات کی معلومات حاصل کریں۔

آج کے ڈیٹا کا مختصر خلاصہ ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:

- **کیسز فی 100k** - 13.44
- **7-دنوں کے اوسط کیسز فی 100k** - 11.43
- **ٹیسٹوں کے رپورٹ کردہ نتائج** - 62,335
- **کُل مثبت** - 2,626
- **مثبت فیصد** - 3.88%**
- **7-دنوں کی اوسط فی صد مثبت** - 4.45%**
- **ہسپتالوں میں داخل مریض** - 2,198 (+23)
- **نئے داخل کردہ مریض** - 388
- **ICU میں داخل مریض** - 236 (+23)
- **ICU میں داخل شدہ مریض جنہیں ٹیوب ڈالی گئی** - 92 (+7)
- **چُھٹی دیئے گئے کُل مریض** - 400,315 (+325)
- **HERDS کے ذریعے نگہداشتِ صحت کے سہولتی مراکز کی جانب سے رپورٹ کردہ نئی اموات** - 19
- **صحت مراکز کی جانب سے HERDS کے ذریعے رپورٹ کردہ مجموعی اموات** - 61,641

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

ہیلتھ الیکٹرونک رسپانس ڈیٹا سسٹم NYS DOH ڈیٹا کا ذریعہ ہے جو صرف ہسپتالوں، نرسنگ ہومز اور بالغان کی نگہداشت کی فیسیلٹیز کی جانب سے رپورٹ کیا جانے والا توثیق شدہ روزانہ کی اموات کا ڈیٹا اکٹھا کرتا ہے۔

**اہم نوٹ:** بروز پیر، 4 اپریل سے مؤثر، وفاقی محکمہ صحت اور انسانی خدمات (Department of Health and Human Services, HHS) کو مزید جانچ کی ان سہولیات کی ضرورت نہیں ہے جو منفی نتائج کی اطلاع دینے کے لیے COVID-19 ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹس استعمال کرتی ہیں۔ نتیجے کے طور پر، لیب کی جانب سے رپورٹ شدہ PCR نتائج کو استعمال کرتے ہوئے نیویارک ریاست کے فی صد مثبت پیمانے کا حساب لگایا جائے گا۔ مثبت اینٹی جن ٹیسٹ کو فی الحال نیویارک ریاست میں رپورٹ کیا جائے گا اور روزانہ کے نئے کیسوں کی اور کیس فی k100 کی رپورٹنگ میں PCR اور اینٹی جن ٹیسٹس دونوں شامل ہوں گے۔ اس تبدیلی اور دوسرے عوامل کی وجہ سے، جن میں ٹیسٹنگ کے طریقوں میں تبدیلیاں شامل ہیں، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- فی صد مثبت نہیں۔

- **CDC کو رپورٹ کردہ اور ان کی مرتب کردہ کُل اموات** - 79,171

NYS DOH اور NYC کی جانب سے CDC کو رپورٹ کردہ یومیہ COVID-19 کے موت کے سرٹیفکیٹ کے اس عارضی ڈیٹا میں وہ افراد شامل ہیں جن کی موت کسی بھی جگہ پر ہوئی ہو بشمول ہسپتال، نرسنگ ہومز، بالغان کے لیے دیکھ بھال کی سہولیات، گھر پر، مریض خانے یا کسی دیگر جگہ پر۔

ہر علاقے کی 7 دن کی کیسز کی اوسط فی K100 آبادی درج ذیل ہے:

| **علاقہ** | **اتوار، 12 فروری 2023** | **پیر، 13 فروری 2023** | **منگل، 14 فروری 2023** |
|---|---|---|---|
| Capital Region | 13.01 | 14.17 | 14.67 |
| Central New York | 14.72 | 14.76 | 14.50 |
| Finger Lakes | 12.39 | 12.02 | 11.86 |
| Long Island | 9.73 | 9.64 | 9.27 |
| Mid-Hudson | 12.05 | 11.89 | 11.49 |
| Mohawk Valley | 13.57 | 12.98 | 12.19 |
| New York City | 10.46 | 10.53 | 10.75 |
| North Country | 15.82 | 15.48 | 15.00 |
| Southern Tier | 12.41 | 12.59 | 12.73 |
| Western New York | 13.57 | 13.74 | 13.28 |
| **ریاست گیر** | **11.45** | **11.48** | **11.43** |

ہر علاقے کے لیے آخری تین دن میں رپورٹ کردہ مثبت ٹیسٹ کے نتائج کی 7 دن کی اوسط فیصد مندرجہ ذیل ہے**:

| علاقہ | اتوار، 12 فروری 2023 | پیر، 13 فروری 2023 | منگل، 14 فروری 2023 |
|---|---|---|---|
| Capital Region | 7.09% | 7.70% | 7.90% |
| Central New York | 7.29% | 7.30% | 7.27% |
| Finger Lakes | 6.52% | 6.46% | 6.52% |
| Long Island | 3.40% | 3.36% | 3.19% |
| Mid-Hudson | 3.96% | 4.06% | 3.49% |
| Mohawk Valley | 7.21% | 6.95% | 6.95% |
| New York City | 3.61% | 3.72% | 3.56% |
| North Country | 8.00% | 7.77% | 7.62% |
| Southern Tier | 5.74% | 6.57% | 6.85% |
| Western New York | 11.74% | 11.87% | 11.58% |
| **ریاست گیر** | **4.57%** | **4.70%** | **4.45%** |

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

نیو یارک شہر کے ہر بورو کی گزشتہ تین روز میں اطلاع کردہ ٹیسٹ کے مثبت نتائج کی 7 روزہ اوسط شرح فیصد حسبِ ذیل ہے **:

| NYC میں بورو | اتوار، 12 فروری 2023 | پیر، 13 فروری 2023 | منگل، 14 فروری 2023 |
|---|---|---|---|
| Bronx | 3.80% | 3.71% | 3.60% |
| Kings | 3.14% | 3.56% | 3.21% |
| New York | 3.74% | 3.72% | 3.80% |
| Queens | 3.94% | 3.86% | 3.78% |
| Richmond | 4.17% | 4.16% | 3.96% |

** وفاقی محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کی جانب سے ٹیسٹ کی رپورٹنگ کی پالیسی میں تبدیلی اور متعدد دیگر عوامل کی وجہ سے، کسی کمیونٹی پر وائرس کے اثر کو ماپنے کا سب سے قابلِ اعتبار پیمانہ کیس فی 100,000 ڈیٹا ہے -- نہ کہ مثبت ہونے کی فی صد شرح۔

گزشتہ روز، ریاست نیویارک میں نیویارک کے 2,626 باشندوں کا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آیا، جس سے مجموعی تعداد 6,597,324 تک پہنچ گئی۔ ایک جغرافیائی تقسیم کاری ذیل میں پیش کی گئی ہے:

| کاؤنٹی | کُل مثبت | نئے مثبت |
|---|---|---|
| Albany | 78,818 | 49 |
| Allegany | 10,782 | 9 |
| Broome | 58,694 | 31 |
| Cattaraugus | 19,272 | 11 |
| Cayuga | 20,472 | 6 |
| Chautauqua | 29,430 | 19 |
| Chemung | 26,611 | 16 |
| Chenango | 11,819 | 9 |
| Clinton | 22,589 | 15 |
| Columbia | 13,918 | 13 |
| Cortland | 13,362 | 12 |
| Delaware | 10,178 | 7 |
| Dutchess | 84,907 | 42 |
| Erie | 269,077 | 130 |
| Essex | 7,675 | 2 |
| Franklin | 12,080 | 7 |
| Fulton | 16,603 | 15 |
| Genesee | 16,575 | 9 |
| Greene | 11,027 | 10 |
| Hamilton | 1,098 | - |
| Herkimer | 17,491 | 8 |
| Jefferson | 27,207 | 17 |
| Lewis | 7,345 | 5 |
| Livingston | 14,382 | 8 |
| Madison | 16,823 | 9 |
| Monroe | 192,027 | 95 |
| Montgomery | 15,054 | 5 |
| Nassau | 548,312 | 132 |
| Niagara | 59,626 | 23 |
| NYC | 3,078,405 | 1,137 |
| Oneida | 69,158 | 34 |
| Onondaga | 142,655 | 73 |
| Ontario | 26,181 | 18 |
| Orange | 139,943 | 55 |
| Orleans | 10,577 | 7 |

| | | |
|---|---|---|
| Oswego | 34,671 | 20 |
| Otsego | 13,328 | 5 |
| Putnam | 31,633 | 15 |
| Rensselaer | 41,798 | 21 |
| Rockland | 118,769 | 31 |
| Saratoga | 61,541 | 44 |
| Schenectady | 43,704 | 23 |
| Schoharie | 6,588 | 3 |
| Schuyler | 4,324 | - |
| Seneca | 7,671 | 6 |
| St. Lawrence | 26,268 | 25 |
| Steuben | 25,269 | 13 |
| Suffolk | 567,133 | 142 |
| Sullivan | 24,656 | 13 |
| Tioga | 14,045 | 11 |
| Tompkins | 26,563 | 15 |
| Ulster | 43,220 | 29 |
| Warren | 18,932 | 22 |
| Washington | 15,809 | 14 |
| Wayne | 21,883 | 9 |
| Westchester | 334,977 | 124 |
| Wyoming | 9,924 | - |
| Yates | 4,445 | 3 |

ذیل میں دیا گیا ڈیٹا ظاہر کرتا ہے کہ ہسپتال میں داخل افراد جن کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آیا ان میں سے کتنے ایسے ہیں جن کو COVID-19/COVID-19 کی پیچیدگیوں کے لیے داخل کیا گیا تھا اور کتنے افراد ایسے ہیں جن کو COVID-19 سے غیر متعلقہ کیفیات کی وجہ سے داخل کیا گیا تھا:

| علاقہ | COVID-19 کے وہ مریض جو حالیہ طور پر ہسپتال میں داخل ہیں | COVID یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل ہیں | COVID یا COVID کی پیچیدگیوں کی وجہ سے داخل افراد کی % | داخل کردہ جہاں COVID داخلے کی وجوہات میں سے ایک وجہ کے طور پر شامل نہیں تھا | % داخل کردہ جہاں COVID داخلے کی وجوہات میں سے ایک وجہ کے طور پر شامل نہیں تھا |
|---|---|---|---|---|---|
| Capital Region | 144 | 80 | 55.6% | 64 | 44.4% |
| Central New York | 118 | 62 | 52.5% | 56 | 47.5% |
| Finger Lakes | 217 | 68 | 31.3% | 149 | 68.7% |
| Long Island | 314 | 148 | 47.1% | 166 | 52.9% |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Mid-Hudson | 240 | 81 | 33.8% | 159 | 66.3% |
| Mohawk Valley | 50 | 27 | 54.0% | 23 | 46.0% |
| New York City | 859 | 348 | 40.5% | 511 | 59.5% |
| North Country | 53 | 29 | 54.7% | 24 | 45.3% |
| Southern Tier | 42 | 10 | 23.8% | 32 | 76.2% |
| Western New York | 161 | 84 | 52.2% | 77 | 47.8% |
| **ریاست گیر** | 2,198 | 937 | 42.6% | 1,261 | 57.4% |

اب Omicron ویریئنٹ منتشر ہونے والے وائرسز میں 95% سے زیادہ کی نمائندگی کرتا ہے۔ ویریئنٹ کی ٹریکنگ پر مزید معلومات کے لئے، براہ کرم یہاں ملاحظہ کریں: COVID-19 ویریئنٹ ڈیٹا | محکمۂ صحت (ny.gov)۔

گزشتہ روز، COVID-19 کی وجہ سے مجموعی طور پر 19 نئی اموات رپورٹ کی گئیں جس سے مجموعی تعداد 61,641 ہو گئی۔ رہائشی کاؤنٹی کے حساب سے، ایک جغرافیائی تجزیہ حسبِ ذیل ہے:

| **کاؤنٹی** | **نئی اموات** |
|---|---|
| Bronx | 3 |
| Erie | 1 |
| Kings | 3 |
| Nassau | 2 |
| New York | 4 |
| Orange | 1 |
| Suffolk | 2 |
| Westchester | 3 |
| **کُل میزان** | **19** |

نیو یارک کے باشندے جو 5 تا 11 سالہ بچوں کے لئے ویکسین کی اپائنٹمنٹس شیڈول کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں انہیں ترغیب دی جاتی ہے کہ اپنے بچوں کے ماہرِ اطفال، خاندانی فزیشن، کاؤنٹی کے صحت کے محکموں، وفاق کی جانب سے سندیافتہ صحت کے مراکز (Federally Qualified Health Centers)، دیہی مراکزِ صحت، یا فارمیسیز سے رابطہ کریں جو اس عمر کے گروپ کے لئے ویکسین لگا رہے ہوں۔ والدین اور سرپرست vaccines.gov ملاحظہ کر کے، اپنا ZIP کوڈ 438829 پر ٹیکسٹ کر کے، یا 1-800-232-0233 پر کال کر کے قریبی مقامات کے بارے میں معلوم کر سکتے ہیں۔ اطمینان کر لیں کہ فراہم کنندہ Pfizer-BioNTechCOVID-19 ویکسین کی پیشکش کرتا ہے، کیونکہ ابھی تک اس عمر کے گروپ کے لیے دیگر COVID-19 ویکسینز کی اجازت نہیں ہے۔

نئی معلومات، اکثر پوچھے گئے سوالات اور جوابات، اور خاص طور پر اس عمر کے بچوں کے والدین اور سرپرستوں کے لیے تیار کردہ وسائل کے لیے والدین اور سرپرستوں کے لیے ہماری ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418



ان سبسکرائب کریں